



# انڈیا میں ترکی اور آذربائیجان کے 'بائیکاٹ' کی بازگشت: 'انھوں نے پاکستان کا ساتھ دیا'

**مرزا اے بی بیگ**

انڈیا پاکستان کے درمیان جاری حالیہ کشیدگی کی آنچ ہزاروں میل دور ایشیا اور یورپ کی سرحد پر آباد ملک ترکی اور آذربائیجان پر پڑتی نظر آ رہی ہے۔ ترکی کے اگرچہ انڈیا سے دیرینہ تعلقات رہے ہیں اور دونوں ممالک کے درمیان تجارت اور سیاحت کے شعبے میں اضافہ نظر آیا ہے لیکن انڈیا اور پاکستان کے درمیان حالیہ جھڑپ کے بعد جس طرح سے پاکستان کی حمایت میں ترکی کو کھڑا دیکھا گیا ہے اس نے انڈیا میں ترک مخالف جذبات کو بھڑکا دیا ہے اور سوشل میڈیا پر 'بائیکاٹ ترکی'، 'بائیکاٹ آذربائیجان' جیسے ہیش ٹیگ ٹرینڈ کر رہے ہیں۔ دوسری طرف انڈیا میں سیاحت کے شعبے میں خدمات انجام دینے والی بعض کمپنیوں نے ترکی کے لیے اپنی خدمات بند کرنے کا اعلان کیا ہے۔ خیال رہے کہ 22 اپریل کو انڈیا کے زیر انتظام کشمیر کے سیاحتی مقام پہلگام میں عسکریت پسندوں کے حملے میں 26 افراد ہلاک ہو گئے تھے جس کے بعد انڈیا نے پاکستان پر اس کا الزام عائد کیا تھا جسے پاکستان نے مسترد کر دیا لیکن پھر چھ سات مئی کی درمیانی شب انڈیا نے 'آپریشن سندور' کے تحت پاکستان میں مبینہ طور پر شدت پسند تنظیموں کے ٹھکانوں کو نشانہ بنانے کا دعویٰ کیا جس کے بعد پاکستان نے جوابی کارروائی کی۔ جمعے کو انڈیا نے پاکستان پر ترکی کی ساختہ ڈرونز کے استعمال کا الزام لگایا جبکہ پاکستان نے انڈیا پر اسرائیلی ڈرونز کے استعمال کا الزام لگایا۔ لیکن پھر سنیچر کی شام امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ نے انڈیا اور پاکستان میں جنگ بندی کا اعلان کیا۔ سب سے زیادہ پڑھی جانے والی اس سے قبل جمعرات کو ترکی کے وزیر اعظم رجب طیب اردوغان نے پاکستانی عوام کو 'بھائیوں کی طرح' بیان کیا اور ان کے لیے 'دعا گو ہونے' کی بات کہی۔ اسی دوران انڈیا کی مغربی ریاست مہاراشٹر میں پونے کے زرعی پیداوار کی کمیٹی (اے پی ایم سی) نے ترکی سے آنے والے پھلوں بطور خاص سیب کے بائیکاٹ کا اعلان کیا ہے۔ انڈین خبر رساں ادارے اے این آئی کے مطابق پونے میں سیب کے ایک تاجر سویوگ زینڈے نے کہا کہ 'ہم نے ترکی سے سیب کی خریداری بند کرنے کا فیصلہ کیا ہے کیونکہ وہ پاکستان کی حمایت کرتا ہے، اور اس کے بجائے اب ہم ہماچل اور دیگر علاقوں سے سیب خریدنے کو ترجیح دیں گے۔' انھوں نے مزید کہا: 'انڈیا دہشت گردی کے خلاف کارروائی کر رہا تھا، لیکن ترکی نے پاکستان کو ڈرون فراہم کیے، صارفین بھی کہہ رہے ہیں کہ وہ ترکی کے سیب نہیں چاہتے۔ انھیں دیکھ کر ہم نے بھی ترکوں کے سیب کو ترک کرنے کا فیصلہ کیا۔' انھوں نے بتایا کہ 'ترکی کے سیب یہاں سال میں 3 ماہ تک فروخت ہوتے ہیں یہ کاروبار تقریباً 1200-1500 کروڑ روپے کا ہے۔' ان کا کہنا تھا کہ 'جب ترکی میں زلزلہ آیا تھا تو انڈیا ان کی مدد کرنے والا پہلا ملک تھا، لیکن انھوں نے پاکستان کا ساتھ دیا۔'

### انڈیا اور ترکی کے درمیان تجارت

ہم نے اس پورے پس منظر پر سابق سفیر اور انڈیا کے حوالے سے مشرق وسطی پر دو کتاب کے مصنف انیل ترگونایت سے بات کی تو انھوں نے کہا کہ 'انڈیا میں جس طرح کے جذبات ہیں اس کا اثر اگر عمومی طور پر تجارت پر نہیں پڑیگا لیکن



سیاحت پر ضرور پڑ رہا ہے۔' انھوں نے کہا کہ 'ابھی گذشتہ ہفتے ہی آٹھ مئی کو ہم ترکی سے واپس آئے ہیں اور وہاں ہم نے یہ دیکھا کہ عوام پاکستان کے بجائے انڈیا کے ساتھ رشتہ چاہتے ہیں جبکہ سیاسی رہنما اپنے مفاد کے تحت پاکستان کی حمایت کرتے ہیں۔' انھوں نے بتایا کہ سنہ 2023 میں انڈیا اور ترکی کے درمیان 13 ارب امریکی ڈالر کی تجارت تھی جو گذشتہ سال کم ہو کر 10 ارب ڈالر سے زیادہ ہے۔ لیکن اس کمی کو سیاحت میں اضافہ پورا کر رہا تھا۔ انھوں نے بتایا کہ گذشتہ سال سنہ 2024 میں انڈیا سے کوئی سوا دو لاکھ انڈینز نے ترکی کا سفر کیا۔ 'ٹرکش ایئرلائن انڈیا آتی ہے جبکہ انڈین ایئرلائن انڈیگو کی ترکی کے لیے تقریباً روزانہ پرواز ہے۔' مسٹر انیل ترگونایت نے کہا کہ 'انڈیا اور ترکی کا رشتہ صدیوں پرانا ہے اور حالیہ دنوں میں اس میں بہتری آ رہی تھی۔ ہم جی 20 کے رکن ممالک ہیں۔ ہم نے اپنے حالیہ دورے میں ترکی کے سیاست دانوں کو یہ باور کرانے کی کوشش کی ہے کہ وہ اس بات پر غور کریں کہ ان کا پاکستان کے ساتھ رشتہ رکھنا زیادہ فائدہ مند ہے یا انڈیا کے ساتھ رشتہ رکھنا زیادہ سود مند ہے۔' انھوں نے کہا کہ 'جنگی صورت حال کے دوران ترکی کے طیارے پاکستان میں اترے اور اس کے جہاز کراچی کی بندرگاہ پر نظر آئے۔ اگرچہ وہ اس کی وجہ کچھ اور بتاتے ہیں لیکن یہ سب پر واضح ہے کہ ترکی کس طرف کھڑا ہے۔' بزنس سٹینڈرڈ کی ایک رپورٹ کے مطابق گذشتہ سال انڈیا نے ترکی کو 65-6 ارب ڈالر کا سامان برآمد کیا جبکہ اس کی درآمدات 78-3 ارب ڈالر رہی۔ سابق سفیر نے کہا اگرچہ دونوں ممالک کے درمیان تجارت ابھی انڈیا کے حق میں ہے لیکن ترکی کے لیے انڈیا ایک بڑی منڈی ثابت ہو سکتا ہے۔ ترکی کی وزارت سیاحت کے مطابق گذشتہ سال کوئی 6 کروڑ 22 لاکھ لوگ ترکی پہنچے جن میں انڈیا سے کوئی دو لاکھ 30 ہزار 778 افراد نے ترکی کا رخ کیا۔ انڈین میڈیا کے مطابق حالیہ دنوں میں ترکی روس اور ایران کے بعد انڈینز کے لیے سب سے زیادہ پرکشش ملک رہا ہے لیکن انڈیا پاکستان کے درمیان حالیہ کشیدگی نے اس کو متاثر کیا ہے اور سوشل میڈیا پر بہت سے انڈین شہری ترکی کے اپنے مجوزہ دورے کو منسوخ کرنے کا اعلان کر رہے ہیں۔ ٹکٹنگ اور ہوٹل بکنگ کی خدمات فراہم کرنے والی ایک کمپنی ایگزیگو کے سی ای او آلوک واجپئی نے سوشل میڈیا پلیٹفارم ایکس پر لکھا کہ 'بس بہت ہو گیا، خون اور بکنگ ایک ساتھ نہیں چل سکتے۔ اس لیے ہم ترکی، چین اور آذربائیجان کے لیے تمام فلائٹس اور ہوٹل بکنگ منسوخ کر رہے ہیں۔' اسی طرح ایک دوسری کمپنی 'ایز مائی ٹرپ' نے بھی ترکی اور آذربائیجان کے لیے اپنی خدمات کو منسوخ کر دیا ہے۔ نیوز 18 کی ایک رپورٹ کے مطابق ایز مائی ٹرپ کے شریک بانی پرشانت پٹّی نے کہا کہ ترکی اور آذربائیجان کے اپنے سفر کو بہت سے لوگ منسوخ کر رہے ہیں۔ انھوں نے کہا: 'ترکی کے لیے ہم نے تقریباً 22 فیصد کی منسوخی دیکھی ہے، اور آذربائیجان کے لیے یہ 30 فیصد سے زیادہ ہے۔ پچھلے سال انڈیا سے 8.3 لاکھ لوگوں نے آذربائیجان یا ترکی کا سفر کیا تھا۔' انھوں نے کہا کہ 'اگر آپ 60-70 ہزار روپے ہی اوسط لگالیں تو یہ ڈھائی تین سو کروڑ روپے تک آتے ہیں جو انڈینز وہاں خرچ کرتے ہیں۔' اس کے علاوہ کاکس اینڈ کنگ اور ٹریومنٹ جیسے پلیٹ فارم نے بھی ترکی اور آذربائیجان کے لیے بکنگ بند کرنے کا اعلان کیا ہے۔ ترکی انڈیا کو خام تیل، ماربل یا سنگ مرمر، اور سونے کے علاوہ پھل بھی برآمد کرتا ہے جبکہ انڈیا ترکی کو انجینیئرنگ کے ساز و سامان، الیکٹرک ساز و سامان، ریفائنڈ تیل وغیرہ برآمد کرتا ہے۔ اکانومک ٹائمز کی رپورٹ کے مطابق ریاست راجستھان میں ادے پور کے ماربل کے تاجروں نے پاکستان اور انڈیا کے درمیان جاری کشیدگی کے درمیان ترکی کے ساتھ کاروبار ختم کر دیا ہے۔ ادے پور ماربل پروسیسرز کمیٹی کے صدر کپل سورانا نے کہا: 'ادے پور ماربل کا ایشیا کا سب سے بڑا برآمد کرنے والا ہے، کمیٹی کے تمام ممبران نے متفقہ طور پر ترکی کے ساتھ تجارت روکنے پر اتفاق کیا ہے کیونکہ وہ پاکستان کی حمایت کرتا ہے۔' انھوں نے بتایا کہ انڈیا میں درآمد ہونے والے ماربل کا 70 فیصد ترکی سے آتا ہے اور 'صرف ادے پور ہی نہیں، اگر ماربل کی تمام ایسوسی ایشنز انڈین حکومت کو یہ پیغام دے کہ وہ ترکی کے ساتھ تجارت نہیں کریں گے، تو یہ دنیا کو ایک مضبوط پیغام دے گا۔' انھوں نے کہا کہ 'اگر ہم ترکی کے ساتھ تجارت بند کر دیں تو انڈین ماربل کی مانگ بڑھے گی۔'

### سوشل میڈیا پر بازگشت

رکن پارلیمان اور شوسینا کی ترجمان پرینکا چترویدی نے ایکس پر ترکی کے مبینہ اشتہار کے ساتھ لکھا: 'نہیں ترکی، انڈینز ایسے ملک میں سیاحت پر پیسہ خرچ کرنے نہیں آئیں گے جسے پاکستان کو مسلح کرنے کے لیے استعمال کیا جائے۔ اپنے سیاحوں کو کہیں اور تلاش کریں، ہمارا پیسہ خون بہانا نہیں ہے۔' دوسری جانب سویڈن میں پیس اینڈ کنفلکٹ ریسرچ کے پروفیسر اشوک سوائیں نے ایکس پر بائیکاٹ ترکی کے حوالے سے لکھا کہ سیاحوں کے لیے 'دنیا کے سب سے زیادہ دیکھے جانے والے چار شہروں میں سے دو ترکی میں ہیں۔ 2024 میں 526 لاکھ سیاحوں نے ترکی کا دورہ کیا، ان میں سے صرف 3 لاکھ سیاح انڈیا سے تھے۔ ترکی کے سفر پر پابندی لگانے سے پہلے، بنیادی اعداد و شمار کو چیک کرنا ضروری ہے۔' بہت سے صارفین نے لکھا ہے کہ 'یہ کام چین کے ساتھ کر سکو تو سمجھیں' جبکہ بہت سے صارفین نے یہ لکھا ہے اس طرح کی بیان بازیوں میں نہ آئیں کیونکہ انڈیا کے ترکی کے ساتھ زیادہ تجارتی مفاد جڑے ہیں۔ ترکی کی وزارت سیاحت کی رپورٹ کے مطابق ان کے یہاں گذشتہ سال جرمنی سے 70 لاکھ سے زیادہ سیاح پہنچے جبکہ برطانیہ سے 35 لاکھ سے زیادہ، صرف یورپ سے وہاں دو کروڑ 28 لاکھ سیاح پہنچے تھے۔ جبکہ جنوبی ایشیا سے 21 لاکھ سے زیادہ سیاح پہنچے جن میں پاکستان سے 66 ہزار سے زیادہ سیاح شامل تھے۔

# مرثیہ قلم: مشینی دور کا منفرد فن پارہ

**انجینئر محمد عادل فراز**

تقدیس نقوی کا شمار عصر حاضر کے اہم تخلیق کاروں اور نثر نگاروں میں ہوتا ہے۔ انھوں نے عصر حاضر کے مختلف موضوعات اور مسائل کو اپنے ادبی فن پاروں کے ذریعے بڑے ہی پرکشش اور منفرد انداز میں پیش کیا ہے۔ ابھی حال ہی میں منظر عام پر آئے ان کے انشائیے و طنز و مزاح پر مبنی مضامین کے مجموعے ''خراشیں'' نے ادب حلقوں میں بڑی پزیرائی حاصل کی ہے۔ ان کے تخلیق کردہ فن پاروں کا جائزہ لینے کے بعد یہ بات واضح ہوتی ہے کہ ان کی تخلیقات روایتی انشائیہ نگاری کے مزاج کو برقرار رکھتے ہوئے عصری مسائل کو نئے زاویوں سے پیش کرتی ہیں۔ تقدیس نقوی کی تحریروں اور اسلوب بیان میں پطرس بخاری اور رشید احمد صدیقی جیسے اساتذہ کی شگفتہ زبان اور طنزیہ انداز کی جھلک بھی نمایاں ہے، لیکن وہ عصری مسائل، سماجی جبر، سیاسی ہتھکنڈوں، اور معاشرتی بے حسی کو بھی موضوع سخن بناتے ہیں۔ یہ امتزاج ان کی تحریر کو عہد حاضر میں منفرد بناتا ہے۔ تقدیس نقوی کے انشائیے صرف ادبی تفریح اور طنز و مزاح تک محدود نہیں بلکہ وہ اس کے توسط سے سماج میں بیداری پیدا کرنے کا کام انجام دیتے ہیں۔ وہ قاری کو سوچنے، سوال اٹھانے، اور معاشرتی رویوں پر غور کرنے کی دعوت دیتی ہیں۔ ان کی زبان میں مقامی بولی، ہندی محاورات، اور اردو کی شاعرانہ روایت کا امتزاج بھی ہے۔ یہ تنوع ان کے فن پاروں کو معنی خیز اور قارئین کے لیے پرکشش بناتا ہے۔ تقدیس نقوی کی کتاب ''خراشیں'' میں شامل انشائیہ ''مرثیہ قلم'' ایک شاہکار انشائیہ ہے۔ جس میں موصوف نے عصر حاضر کے مشینی دور میں قلم کی بے قدری کا مرثیہ بڑے منفرد انداز میں پیش کیا ہے۔ قلم جو انسانی تہذیب کا ایک عظیم سرمایہ ہے، جس نے تاریخ کے ہر دور میں علم، فکر اور ترقی کے دروازے کھولے، قوموں کی تقدیر بدلی، انقلابات کو جنم دیا اور انسانی شعور کو نئی بلندیوں تک پہنچایا۔ تاریخی طور پر، قلم نے قدیم تہذیبوں سے لے کر جدید دور تک علم کی حفاظت اور ترسیل میں کلیدی کردار ادا کیا ہے۔ لیکن آج کے مشینی دور میں قلم کی جگہ ڈیجیٹل آلات، اسمارٹ فونز، ٹیبلیٹس، کمپیوٹرز پر، ٹچ اسکرین، اور کی بورڈز نے لے لی ہے۔ ایسے بدلتے ہوئے دور میں تقدیس نقوی کا انشائیہ ''مرثیہ قلم'' عصر حاضر میں قلم کی کھوئی ہوئی اہمیت و افادیت اور اس کی بے قدری کا منفرد ترجمان ہے۔ جو نہ صرف قاری کے دل و دماغ پر کاری ضرب لگاتا ہے بلکہ بہت کچھ سوچنے اور غور کرنے کی دعوت بھی دیتا ہے۔ اس طرح یہ انشائیہ موجودہ تناظر میں بڑا معنی خیز ہو جاتا ہے۔ اور ایک علامتی، طنزیہ، فلسفیانہ انداز میں قلم کی تاریخی، ثقافتی اور سماجی اہمیت کو بیان کرتا ہے، ساتھ ہی اس کے زوال اور جدید ٹیکنالوجی کے عہد میں اس کی بے وقعتی کو بھی موضوع بناتا ہے۔ انشائیہ کا تنقیدی جائزہ لینے کے بعد یہ بات آشکار ہوتی ہے کہ اس کا مرکزی خیال قلم کی روایتی اہمیت اور اس کے جدید دور میں زوال پذیر ہونے کا ہے۔ تقدیس نقوی نے قلم کو محض ایک آلہ تحریر کے طور پر نہیں بلکہ علم، اقتدار، تخلیقی صلاحیت اور سماجی تبدیلی کے علامتی کردار کے طور پر پیش کیا ہے۔ تقدیس نقوی قلم کو ایک زندہ کردار کی طرح دکھاتے ہیں جو اپنی تاریخی عظمت سے لے کر موجودہ دور کی بے توقیری تک کا سفر طے کرتا ہے۔ یہ انشائیہ صرف ایک مرثیہ نہیں، بلکہ اس کا لہجہ اور بیانیہ طنزیہ، علامتی اور خود احتسابی بھی ہے۔ مرکزی خیال کو تقویت دینے اور اس کی عظمت کو واضح کرنے کے لئے تقدیس نقوی قرآن کریم کی سورہ القلم کا حوالہ بھی دیتے ہیں۔ ساتھ ہی اس کی سماجی کمزوری یعنی جیب میں سجاوٹ یا تحفے کے طور پر استعمال کرنے کو بھی بڑی خوبصورتی سے پیش کرتے ہیں۔ تقدیس نقوی نے اپنے اس انشائیہ میں سادہ اور سلیس اسلوب استعمال کیا ہے۔ جو رواں اور طنزیہ ہے۔ قاری کو فوراً اپنی گرفت میں لے لیتا ہے۔ موصوف نے انشائیہ نگاری کی روایت کو برقرار رکھتے ہوئے طنز، استعارہ، تشبیہ اور علامتی زبان کا بھرپور استعمال کیا ہے۔ مثال کے طور پر قلم کو جیب میں ایک ساکت وجود کے طور پر پیش کرنا ایک عمدہ طنزیہ ہے، جو سماج میں ظاہری تعلیم یافتہ طبقے کی حقیقت کو بے نقاب کرتا ہے۔ اس حوالے سے انشائیہ کا اقتباس ملاحظہ کریں:

''یوں تو ہمیشہ سے ہم بھی وزیروں کی طرح خود کو ایک پڑھا لکھا ہوا شخص ثابت کرنے کے لئے اپنے کوٹ کی بائیں جانب والی جیب میں ایک قلم ہر وقت لگائے رہتے ہیں جس کو دیکھنے کے بعد کسی کی بھی ہم سے تعلیمی سرٹیفکیٹ مانگنے کی ہمت پڑی نہ ہی ضرورت۔ جو برسوں سے ہماری جیب میں اسی ساکت حالت میں اپنا سر نکالے چاروں سمت ایک حسرت بھری نگاہ ڈالتے ہوئے باہر نکلنے لئے بیقرار رہتا ہے۔ مگر ہم بھی ٹھہرے پڑھے لکھے بس وقتاً فوقتاً اسکا سر تھپتھپا کر اس کو اس کی موجودہ اوقات یاد دلاتے رہتے ہیں اور وہ بے چارہ باوجود پیٹ بھرے ہونے کے ندیدوں کی طرح ہر سامنے رکھے کاغذ کو کچا کھا جانے والی بھوکی نظروں سے دیکھتا ہے۔'' ص: ۱۴

مذکورہ اقتباس میں موصوف نے ایک ایسے فرد کی جیتی جاگتی منظر کشی کی ہے جو عصر حاضر میں جھوٹی شان و شوکت دکھانے کے لئے قلم کو جیب میں لگا کر اس رعب و دبدبے سے سماج میں گھومتا ہے کہ کوئی بھی اس کی علمیت پر سوالیا نشان قائم کرنے کی ہمت نہیں کرتا۔ اس کے ساتھ ہی قلم اور کاغذ کے تعلق کو موصوف نے ''شریک حیات'' سے تشبیہ دے کر ایک خوبصورت استعارہ پیش کیا ہے، جو ان کے لازم و ملزوم ہونے کی گہرائی کو بیان کرتا ہے:

''یہ بات تو سچ ہے کہ قلم اور کاغذ کا برسوں کا ساتھ رہا ہے اور یہ دونوں ایک دوسرے کے لئے گویا شریک حیات کی طرح شیر و شکر ہو کر رہے ہیں (اگر یہ مبالغہ آرائی ہے تو یہ صرف شریک حیات کے لئے ہے)۔ مگر اس حقیقت سے بھی انکار نہیں کیا جا سکتا کہ قلم بیوی کی طرح ہمیشہ کاغذ پر حاوی رہا ہے اور اس نے ہمیشہ کاغذ کو دبا کر ہی رکھا ہے۔ کیا مجال ہے کہ جب قلم اپنے پورے زور سے کاغذ کے صاف و شفاف بدن کو اپنی مرضی اور پسند کی تحریر کا لباس پہناتا ہے تو وہ بے چارہ اف بھی کر سکے بالکل اسی طرح جیسے کسی بھی شوہر کے لباس کے انتخاب میں اس کی ایک نہیں چلتی بس اگر کچھ چلتا ہے تو وہ بیگم کی زبان۔ کاغذ بے چارا تو اپنی اصلی کاغذی شناخت کھو کر کسی سرورق کے نئے نام سے متعارف کئے جانے پر مجبور کیا جاتا رہا ہے۔'' ص: ۱۵

تقدیس نقوی کے اسلوب میں ایک خود احتسابی لہجہ بھی ہے، جہاں راوی اپنی کمزوریوں مثلاً قلم کا استعمال نہ کرنا اور سماجی رویوں پر تنقید کرتا ہے۔ وہیں بیانیہ کبھی سنجیدہ، کبھی طنزیہ اور کبھی فلسفیانہ ہو جاتا ہے، جو اس کو متنوع اور دلچسپ بناتا ہے۔ انشائیہ کی ایک خوبی اس کا علامتیت سے بھرپور ہونا بھی ہے۔ قلم کو صرف ایک آلہ تحریر نہیں بلکہ علم، اقتدار، اور تخلیق کا استعارہ بنایا گیا ہے۔ اس کی تاریخی ترقی یعنی اس کی بانس کی ساخت سے فاؤنٹین پین تک کے سفر کو انسانی تہذیب کی ترقی سے جوڑ کر دکھایا گیا ہے۔ اس کے علاوہ قلم کا عجائب گھر میں محفوظ ہونا اس کے زوال کی علامت ہے۔ اور انگلی سے دستخط کرنا جدید ٹیکنالوجی کے غلبے اور روایتی اقدار کے خاتمے کی نشاندہی کرتا ہے۔ کاغذ کی ''سادگی'' اور قلم کی ''حاوی'' طبیعت کو صنفی تعلقات سے تشبیہ دینا بھی ایک دلچسپ استعارہ ہے، جو انشائیہ کو بڑا معنی خیز بنا دیتا ہے۔ طنز بھی اس انشائیہ کا ایک اہم جزو ہے۔ تقدیس نقوی نے سماجی رویوں، تعلیمی نظام، اور جدید ٹیکنالوجی کے غلبے پر خوبصورت طنز کیا ہے۔ مثلاً جیب میں قلم رکھنے والے شخص کو ''پڑھا لکھا'' سمجھنے کا سماجی رویہ ایک تلخ حقیقت کو طنزیہ انداز میں پیش کرتا ہے۔ کوریئر والے کا قلم کو ''زمانہ دقیانوس'' تصور کرنا جدیدیت کے تکبر کو عیاں کرتا ہے۔ موصوف کے اس انشائیہ میں طنز کے ساتھ مزاح بھی جگہ جگہ اپنے منفرد انداز میں جلوہ بکھرتا ہوا نظر آتا ہے، مثلاً قلم کو ''بھوکی نظروں'' سے کاغذ کو دیکھنے والا کردار بنانا یا بیگم کے ایموجی کے جواب کو جدید مواصلات کی سرعت سے جوڑنا اس کی عمدہ مثال ہے۔ الغرض انشائیہ کا مکمل جائزہ لینے کے بعد یہ بات پورے وثوق کے ساتھ۔ کہی جا سکتی ہے کہ ''مرثیہ قلم'' ایک فکر انگیز، طنزیہ اور علامتی انشائیہ ہے جو قلم کی تاریخی اور ثقافتی اہمیت کو بیان کرتے ہوئے جدید دور کے چیلنجز پر روشنی ڈالتا ہے۔ تقدیس نقوی نے اپنے رواں اور طنزیہ اسلوب سے قاری کو نہ صرف قلم کی عظمت سے روشناس کرایا ہے بلکہ اس کے زوال پر غور و فکر کرنے کی دعوت بھی دی ہے۔ یہ انشائیہ نہ صرف اردو ادب کی انشائیہ نگاری کی روایت میں ایک اہم اور خوب صورت اضافہ ہے بلکہ اس کا طنزیہ اور فلسفیانہ انداز مشتاق احمد یوسفی اور پطرس بخاری جیسے انشائیہ نگاروں کی بھی یاد دلاتا ہے، لیکن تقدیس نقوی نے اپنے منفرد اسلوب اور انداز بیان سے اس انشائیہ کو ایک مختلف جہت بھی عطا کی ہے۔ اگر یہ کہا جائے کہ یہ انشائیہ جدیدیت اور روایت کے درمیانی کشمکش کو خوبصورتی سے پیش کرتا ہے اور قلم کی علامتی اہمیت کو ایک عالمگیر تناظر میں دیکھتا ہے تو بجا نہ ہوگا۔

# جوہری ہتھیاروں سے لیس پاکستان اور انڈیا کے درمیان ایٹمی جنگ کا خطرہ کتنا حقیقی ہے؟

**سوتک بسواس**

پاکستان اور انڈیا کے درمیان حالیہ کشیدگی میں کوئی الٹی میٹم نہیں تھا اور نہ ہی کوئی دھمکیاں لیکن پھر بھی دونوں ممالک کے درمیان عسکری جوابی کارروائیوں، خفیہ اشاروں اور تیز بین الاقوامی ثالثی نے خطے کے خطرناک ترین سائے کو جنم دیا۔ اگرچہ یہ بحران جوہری جنگ کی طرف نہیں بڑھا لیکن یہ اس بات کی یاد دہانی تھی کہ یہ کشیدگی کتنی جلدی اس جانب بڑھ سکتی ہے۔ یہاں تک کہ سائنسدانوں نے بھی ایک ماڈل بنایا تھا کہ دونوں ممالک کے درمیان صورتحال کتنی تیزی سے بگڑ سکتی ہے۔ سنہ 2019 میں سائنسدانوں کے ایک گروہ نے ایک خوفناک مفروضے پر تحقیق کی تھی جس میں کہا گیا تھا کہ پاکستان اور انڈیا کے درمیان ایٹمی جنگ کیسے شروع ہو سکتی ہے؟ اس ماڈل میں یہ مفروضہ اپنایا گیا کہ سنہ 2025 میں انڈیا کی پارلیمنٹ پر عسکریت پسندوں کے حملے کے بعد پاکستان اور انڈیا میں ایٹمی جنگ کا آغاز ہوگا۔ اور چھ سال بعد حقیقی دنیا میں دونوں کے درمیان کشیدگی سے اس تنازعے کے پھیلنے اور ایک بڑی جنگ میں بدلنے کے خطرات منڈلانے لگے تھے۔ اگرچہ سنیچر کے روز امریکہ نے ثالثی کر کے دونوں کو روک دیا مگر اس حالیہ تنازعے نے ایک بار پھر سب کو یاد کروا دیا کہ خطے میں استحکام کتنا نازک ہو سکتا ہے۔ جیسے ہی یہ کشیدگی بڑھی پاکستان نے 'دوہرے اشارے' بھیجے، ایک جانب اس نے عسکری جوابی کارروائی کی اور دوسری جانب نیشنل کمانڈ اتھارٹی کا اجلاس بلانے کا کہا، جو اس کے ایٹمی طاقت ہونے کی یاد دہانی تھی۔ نیشنل کمانڈ اتھارٹی ملک کے ایٹمی ہتھیاروں کے کنٹرول اور ممکنہ استعمال کے اختیارات کے معاملات کی نگرانی کرتا ہے۔ آیا یہ اقدام علامتی تھا، سٹریٹجک تھا یا حقیقی انتباہ، ہم شاید کبھی نہیں جان پائیں گے لیکن یہ ایک ایسے وقت میں سامنے آیا جب امریکی وزیر خارجہ مارکو روبیو نے مبینہ طور پر اس بحران کو ختم کرنے کے لیے دونوں ممالک کے ساتھ بات چیت شروع کی ہی تھی۔ صدر ٹرمپ نے پاکستان اور انڈیا کے درمیان جاری بحران کو ختم کروانے کے بعد کہا کہ امریکہ نے صرف سیز فائر ہی نہیں کروایا بلکہ اس نے ایک 'ایٹمی لڑائی' کو روکوایا۔ پیر کو انڈیا کے وزیر اعظم نریندر مودی نے قوم سے خطاب کرتے ہوئے کہا 'ایٹمی حملے کے حوالے سے بلیک میل نہیں ہوں گے۔ انڈیا ایٹمی حملوں کی دھمکیوں سے نہیں ڈرے گا۔' مودی نے مزید کہا کہ 'اس کی آڑ میں کام کرنے والی دہشت گردوں کی محفوظ پناہ گاہوں کو فیصلہ کن حملوں کا سامنا کرنا پڑے گا۔' تھنک ٹینک سٹاک ہوم انٹرنیشنل پیس ریسرچ انسٹی ٹیوٹ (سیپری) کے مطابق، انڈیا اور پاکستان دونوں کے پاس تقریباً 170، 170 جوہری ہتھیار موجود ہیں۔ سیپری کے جنوری 2024 تک کے ایک تخمینے کے مطابق دنیا بھر میں 12,121 جوہری ہتھیار موجود ہیں۔ ان میں سے تقریباً 9,585 عسکری ذخیروں میں رکھے گئے ہیں، جن میں سے 3,904 فعال طور پر تعینات تھے اور یہ سنہ 2023 کے مقابلے میں 60 زیادہ ہیں۔ امریکہ اور روس کے پاس 8000 سے زیادہ جوہری ہتھیار ہیں۔ امریکہ کی البانی یونیورسٹی میں سکیورٹی امور کے ماہر کرسٹوفر کلیری کے مطابق، انڈیا اور پاکستان دونوں کے تعینات کردہ ہتھیاروں کا بڑا حصہ ان کی زمین پر مبنی میزائل فورسز میں ہے، حالانکہ دونوں ہی ایسے ایٹمی ہتھیار تیار کر رہے ہیں جو زمین، ہوا اور سمندر سے مار کرنے کی صلاحیت رکھتے ہوں۔ انھوں نے بی بی سی کو بتایا کہ 'ممکنہ طور پر پاکستان کے مقابلے میں انڈیا کے پاس فضائی برتری ہے یعنی ایسے طیارے زیادہ ہیں جو جوہری ہتھیار لے جانے کی صلاحیت رکھتے ہوں جبکہ ہم پاکستان بحریہ کی قوت کے متعلق بہت کم جانتے ہیں، لہذا یہ کہنا مناسب ہوگا کہ انڈیا کی جوہری بحری قوت پاکستان کے مقابلے میں زیادہ بہتر اور جدید ہے۔' کرسٹوفر کلیری کا کہنا ہے کہ اس کی ایک بڑی وجہ یہ ہے کہ حالیہ کچھ عرصے میں پاکستان نے وہ 'وقت یا پیسہ' نہیں لگایا جو انڈیا نے اپنی جوہری آبدوز بنانے میں لگایا اور یہ پاکستان کے مقابلے میں انڈیا کو واضح برتری دیتا ہے۔ سنہ 1998 میں جوہری ہتھیاروں کے تجربے کے بعد سے پاکستان نے کبھی بھی باضابطہ طور پر جوہری نظریے کا اعلان نہیں کیا۔ اس کے برعکس انڈیا نے اپنے 1998 کے تجربوں کے بعد انھیں پہلے استعمال نہ کرنے کی پالیسی اپنائی لیکن ان کے اس موقف میں نرمی کے آثار نظر آ رہے ہیں۔ سنہ 2003 میں انڈیا نے کسی بھی بیرونی کیمیکل یا بائیولوجیکل حملوں کے جواب میں جوہری ہتھیاروں کے استعمال کا حق محفوظ رکھا جو اس بات کی جانب اشارہ ہے کہ کسی خاص صورتحال میں وہ انھیں استعمال کرنے میں پہل کر سکتا ہے۔ اس متعلق مزید ابہام سنہ 2016 میں اس وقت پیدا ہوا جب اس وقت کے انڈیا کے وزیر دفاع منوہر پاریکر نے تجویز دیتے ہوئے کہا کہ انڈیا کو اپنی اس پالیسی کا 'پابند' نہیں ہونا چاہیے جو بیرونی دنیا میں اس کی طویل مدتی ساکھ پر سوال اٹھاتی ہے۔ ) بعد ازاں پاریکر نے وضاحت دی کہ یہ ان کی ذاتی رائے تھی۔ ) کارنیگی اینڈومنٹ فار انٹرنیشنل پیس کی سعدیہ تسلیم کے مطابق پاکستان کی جانب سے جوہری ہتھیاروں کے استعمال سے متعلق باضابطہ نظریے کی عدم موجودگی کا مطلب یہ نہیں کہ پاکستان کے پاس کچھ نہیں۔ سرکاری بیانات، انٹرویوز اور جوہری ترقی سے متعلق خبریں اکثر اس کے استعمال اور موقف سے متعلق واضح اشارے دیتی ہیں۔ پاکستان کی جانب سے کن صورتوں میں جوہری ہتھیار استعمال کیے جا سکتے ہیں اس بارے میں اب بھی ابہام ہے تاہم سنہ 2001 میں اس وقت کے نیشنل کمانڈ اتھارٹی کے سٹریٹیجک پلان ڈویژن کے سربراہ خالد کدوائی نے اس متعلق چار سرخ لکیریں کھینچی تھیں۔ جن میں دشمن ملک کی جانب سے پاکستان کے بڑے رقبے کا نقصان ہونا، اہم عسکری تنصیبات کی تباہی، معاشی طور پر گلا گھونٹنا یا ملک میں سیاسی عدم استحکام پھیلانا شامل ہے۔ سنہ 2002 میں اس وقت کے پاکستان کے صدر پرویز مشرف نے واضح کیا تھا کہ 'جوہری ہتھیاروں کا مقصد صرف اور صرف انڈیا ہے' اور انھیں صرف اس صورت میں استعمال کیا جائے گا جب 'ایک ریاست کے طور پر پاکستان کا وجود' خطرے میں ہو۔ اپنی یادداشت میں سابق امریکی وزیر خارجہ مائیک پومپیو نے لکھا کہ انھیں ایک بے نام 'انڈین ہم منصب' سے بات کرنے کے لیے رات کو سوتے سے جگایا گیا تھا جنھیں خدشہ تھا کہ پاکستان انڈیا کے ساتھ 2019 کے تنازعے کے دوران جوہری ہتھیار استعمال کرنے کی تیاری کر رہا ہے۔ اس وقت کے دوران پاکستان کے میڈیا نے ایک سینیئر حکام کا حوالہ دیا تھا جنھوں نے انڈیا کو واضح دھمکی دیتے ہوئے کہا تھا کہ 'میں امید کرتا ہوں کہ تم جانتے ہو (نیشنل کمانڈ اتھارٹی) کیا ہے اور اس میں کون لوگ ہیں۔ میں نے کہا تھا ہم تمہیں چونکا دیں گے۔ اب اس کا انتظار کرو۔۔۔ تم نے جنگ کا راستہ یہ جانے بغیر اپنایا کہ اس سے خطے کے امن اور سکیورٹی کے لیے کیا نتائج نکلیں گے۔' 1999 کی کارگل جنگ کے دوران اس وقت کے پاکستان کے سیکرٹری خارجہ شمشاد احمد نے دھمکی دیتے ہوئے کہا تھا کہ ملک اپنے دفاع کے لیے 'کسی بھی قسم کا ہتھیار استعمال کرنے میں ہچکچاہٹ محسوس نہیں کرے گا۔' چند برسوں بعد امریکی اہلکار بروس ریڈیل نے انکشاف کیا تھا کہ خفیہ معلومات یہ ظاہر کرتی تھی کہ پاکستان اپنے جوہری ہتھیاروں کی ممکنہ تعیناتی کی تیاری کر رہا تھا۔ مگر دونوں جانب اس طرح کے دعووں کو مشکوک انداز میں دیکھا جاتا ہے۔ پاکستان میں سابق انڈین ہائی کمشنر اجے بساریہ نے اپنی یادداشت میں لکھا کہ پومپیو نے جوہری کشیدگی کے خطرے اور 2019 میں تنازعے کو پرسکون کرنے میں امریکی کردار کو بڑھا چڑھا کر پیش کیا۔ جبکہ پاکستانی تجزیہ کاروں کا کہنا ہے کہ کارگل کے دوران، پاکستان 'جانتا تھا کہ انڈین فضائیہ اس کی سرزمین میں داخل نہیں ہوگی، لہذا پاکستان کی طرف سے حقیقی طور پر جوہری حملے کا کوئی خطرہ یا محرک نہیں تھا۔ لاہور سے تعلق رکھنے والے دفاعی تجزیہ کار اعجاز حیدر نے بی بی سی کو بتایا کہ 'سٹریٹیجک سگنلنگ دنیا کو یاد دلاتی ہے کہ کوئی بھی تنازعہ بڑھ سکتا ہے اور انڈیا اور پاکستان دونوں ہی جوہری قوتیں ہیں اس لیے یہ خطرہ مزید بڑھ جاتا ہے لیکن اس کا یہ مطلب نہیں کہ دونوں طرف سے جوہری ہتھیاروں کے استعمال کی دھمکیاں دی جا رہی ہیں۔' لیکن جوہری اضافہ حادثاتی طور پر بھی ہو سکتا ہے۔ سائنسدانوں کی ایک عالمی ٹیم کے تاریخی 2019 کے مقالے کے مرکزی مصنف اور رٹگرز یونیورسٹی کے پروفیسر ایلن روبوک نے بی بی سی کو بتایا کہ 'یہ انسانی غلطی، ہیکرز، دہشت گردوں، کمپیوٹر کی ناکامی، سیٹلائٹس کے خراب ڈیٹا اور غیر مستحکم لیڈروں کی وجہ سے ہو سکتی ہے۔' مارچ 2022 میں انڈیا نے غلطی سے ایک جوہری صلاحیت رکھنے والا کروز میزائل داغ دیا تھا جو پاکستان کی حدود میں 124 کلومیٹر اندر تک آ کر پنجاب کے شہر میاں چنوں کے پاس گرا تھا جس سے مبینہ طور پر شہری املاک کو نقصان پہنچا تھا۔ پاکستان نے کہا تھا کہ انڈیا اس واقعے کے دو دن بعد تک فوجی ہاٹ لائن استعمال کرنے یا عوامی سطح پر کوئی بیان جاری کرنے میں ناکام رہا تھا۔ ماہرین کا کہنا ہے کہ اگر یہ شدید کشیدگی کے دوران ہوا ہوتا تو یہ واقعہ سنگین تنازعہ کی شکل اختیار کر سکتا تھا۔ (مہینوں بعد انڈین حکومت نے فضائیہ کے تین افسران کو 'حادثاتی طور پر میزائل فائر' کرنے کے الزام میں برطرف کر دیا تھا۔ ) کرسٹوفر کلیری کہتے ہیں کہ اگرچہ خطرہ ضرور ہے مگر لیکن انڈیا اور پاکستان کے درمیان ایٹمی جنگ کا خطرہ 'کم ہے۔' وہ کہتے ہیں کہ 'جب تک کوئی سرحدوں پر کوئی بڑی زمینی لڑائی نہیں ہوتی دونوں کی جانب سے جوہری ہتھیاروں کے استعمال کرنے کا خطرہ کم اور قابو میں ہے۔' وہ کہتے ہیں کہ 'زمینی لڑائی میں 'اسے استعمال کریں یا اسے کھو دیں' کا مسئلہ اس امکان کی وجہ سے پیدا ہوتا ہے کہ آپ کی زمینی پوزیشنیں دشمن کے قبضے میں آ جائیں گی۔ ) 'اسے استعمال کریں یا اسے کھو دیں سے مراد وہ دباؤ ہے جو جوہری ہتھیاروں سے لیس ملک اپنے ہتھیاروں کو کسی مخالف کی طرف سے پہلے حملہ کرنے کی صورت میں تباہ کرنے سے پہلے اسے لانچ کرنے کے لیے محسوس کر سکتا ہے۔ ) سٹینفورڈ یونیورسٹی کے ہوور انسٹیٹیوشن کے سینیئر فیلو سومیت گنگولی کا خیال ہے کہ 'نہ ہی انڈیا اور نہ ہی پاکستان چاہتے ہیں کہ انھیں ہیروشیما کے بعد جوہری ہتھیار استعمال کرنے والے پہلے ممالک کے طور پر دیکھا جائے۔' سومیت گنگولی نے بی بی سی کو بتایا کہ 'اس کے علاوہ، جو بھی فریق جوہری ہتھیاروں کے استعمال کا سہارا لے گا، اسے بھرپور جوابی کارروائی کا سامنا کرنا پڑے گا اور اسے ناقابل تلافی جانی نقصان اٹھانا پڑے گا۔' مگر ایک ہی وقت میں انڈیا اور پاکستان دونوں اپنے جوہری ہتھیاروں میں اضافہ کر رہے ہیں۔ امریکی سائنسدانوں کی فیڈریشن کے نیوکلیئر انفارمیشن پراجیکٹ کی جانب سے تحقیق شدہ دی نیوکلیئر نوٹ بک کے مطابق پاکستان کی جانب سے جوہری افزودگی کے نئے نظام یعنی چار پلوٹونیم ری ایکٹرز اور یورینیم کی افزودگی میں توسیع کے ساتھ 2020 کی دہائی کے آخر تک پاکستان کے جوہری ہتھیاروں کی تعداد 200 کے قریب پہنچ سکتی ہے۔ انٹرنیشنل پینل آن فزائل میٹریل کے مطابق 2023 کے اوائل تک انڈیا کے پاس تقریباً 680 کلوگرام پلوٹونیم ہونے کا تخمینہ لگایا گیا تھا جو تقریباً 130-210 جوہری ہتھیاروں کے لیے کافی ہے۔ بار بار کے بحرانوں اور جنگ تک پہنچنے والی کشیدگی کے باوجود دونوں فریق اب تک جوہری تنازع سے بچنے میں کامیاب رہے ہیں۔ اسلام آباد سے تعلق رکھنے والے تجزیہ کار عمر فاروق لکھتے ہیں کہ 'ڈیٹرنس نے ابھی تک ایک دوسرے کو پکڑ رکھا ہے۔ پاکستان نے روایتی حملوں کا جواب اپنے جوابی اور روایتی حملوں سے دینا تھا۔' اس کے باوجود جوہری ہتھیاروں کی موجودگی دونوں ممالک کے درمیان جوہری جنگ کے ایک مستقل خطرے کو جنم دیتی ہے اور اس سے کبھی بھی مکمل طور پر انکار نہیں کیا جا سکتا، چاہے قیادت کتنی ہی تجربہ کار ہو یا ارادے کتنے ہی محدود کیوں نہ ہوں۔ ایک غیر سرکاری تنظیم سینٹر فار آرمز کنٹرول اینڈ نان پرولیفریشن کے سینیئر پالیسی ڈائریکٹر جان ایراتھ کہتے ہیں کہ 'جب جوہری ہتھیاروں کو استعمال کیا جا سکتا ہو تو وہاں ہمیشہ ایک غیر معمولی خطرہ رہتا ہے۔' 'انڈیا اور پاکستان کی حکومتیں ماضی میں ایسی صورتحال یا کشیدگی سے باہر آئی ہیں لہذا اس کا خطرہ کم ہے لیکن جوہری ہتھیاروں کی موجودگی میں چھوٹا خطرہ بھی بہت بڑا ہوتا ہے۔'

# شریف خان ایوب خان اکھل بھارتیہ اردو شکشک سنگھ ضلع جلگاؤں کے شعبہ نشرواشاعت کے صدر منتخب




جلگاؤں: (صلاح الدین ادیب) اکھل بھارتیہ اردو شکشک سنگھ جو پچھلے کئی سالوں سے سرگرم عمل ایک قومی تنظیم ہے جو بھارت کی کئی دیگر ریاستوں میں فعال ہے صوبہ مہاراشٹر کے اکثر و بیشتر ضلعوں میں اسکی ضلعی تنظیمیں موجود ہیں جو اردو میڈیم اسکولوں کے طلباء و اساتذہ کے مختلف مسائل پر کام کرتی ہیں۔ حال ہی میں ایک اہم میٹنگ جلگاؤں کے اینگلو اردو ہائی اسکول میں تنظیم کے بانی ساجد نثار احمد سر کی صدارت میں منعقد کی گئی جس میں اینگلو اردو ہائی اسکول جلگاؤں کے فعال معلم شریف خان ایوب خان کو اکھل بھارتیہ اردو شکشک سنگھ ضلع جلگاؤں کی تمام اردو ہائی اسکول کے شعبہ نشر و اشاعت کے صدر منتخب کیے گئے۔ اس موقع پر انجمن تعلیم المسلمین کے صدر نیز اقراء ایجوکیشن سوسائٹی کے جنرل سیکریٹری اعجاز عبدالغفار ملک، اقراء ایجوکیشن سوسائٹی کے صدر عبدالکریم سالار، جلگاؤں ضلع منیار برادری کے صدر فاروق شیخ، اینگلو اردو ہائی اسکول و جونیئر کالج کے پرنسپل ڈاکٹر بابو شیخ سر، نورالہی سر، اکھل بھارتیہ اردو شکشک سنگھ کے کارگزار صدر طیب ابراہیم سر، الیاس سر، اصغر سر، محسن سر، رضوان سر نیز ناسک، دھولیہ اور برہانپور سے آئے ہوئے تمام معززین حضرات موجود تھے اس نمایاں کامیابی پر انجمن تعلیم المسلمین کے صدر اعجاز احمد عبدالغفار ملک، نائب صدر سید چاند سید امیر، اور جنرل سیکریٹری امین بھائی بادلی والا نیز ادارہ ہذا کے پرنسپل ڈاکٹر شیخ بابو سر، نائب صدر مدرس شیخ فاروق امیر سر سپروائزر نعیم بشیر سر اور جملہ اسٹاف ممبران نے دلی مبارکباد پیش کیں۔

# مانورہ، رحمانیہ اردو ہائی اسکول کا نتیجہ رہا 98 فیصد



اکولہ: 14 مئی (ڈاکٹر ذاکر نعمانی) دسویں جماعت کے نتائج جاری ہوئے جس میں رحمانیہ اردو ہائی اسکول مانورہ ضلع باسم کا نتیجہ 98 % فیصد رہا امراؤتی بورڈ کی جانب سے 13 مئی کو دسویں جماعت کے نتائج کا اعلان ہوا جس میں نمایاں نمبرات سے کامیاب طلبہ میں یسرا الماس شیخ رسول % 90.80، مدیحہ کائنات جاوید خان % 90.20، ابوذر خان مظہر اللہ خان % 90، ابو طلحہ شیخ رحیم % 89.80، عزیر انظار پٹیل % 88.40، بشریٰ ارم شبیر خان % 87.20، الوینہ مہک معین الدین % 87 شامل ہیں۔ رحمانی ایجوکیشن سوسائٹی کے صدر وحید الدین شیخ صدر مدرس مشرف دیشمکھ نے کامیاب طلبہ کے لیے نیک خواہشات کا اظہار کیا صدر سوسائٹی وحید الدین شیخ نے طلبہ کی کامیابی پر کہا کہ تمام ہائی اسکول کے اساتذہ کی نمایاں کاوشوں سے یہ نتیجہ برآمد ہوا ہے جس میں رحمانیہ اردو ہائی اسکول کے صدر مدرس مشرف دیشمکھ، مزمل خان، مختار شیخ، فرہاد احمد اساتذہ شامل ہیں۔

